© rasailojaraid.com



**مجلہ مُعلّم** | مدیر اعلیٰ پروفیسر شبیر احمد منصوری (متعدد معاونین) ۔ بہ اہتمام تنظیم اساتذہ پاکستان ۔ ۸۔ اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ بدل اشتراک دس روپے۔

اسلامی نظامِ تعلیم کا علمبردار یہ مجلہ اپنے مقصد کے مطابق اچھے اچھے مضامین کا مجموعہ ہے ۔ مخصوصاً وہ مضامین جو افغان تعلیمی کانفرنس پشاور یا تعلیمی کانفرنس لاہور میں پیش کئے گئے ، فکر انگیز ہیں ۔ "قافلہ تنظیم وادیٔ کشمیر میں" (از وقار علی کاری) ۔ ایک دلچسپ روئیداد ہے ۔ ایک مقالہ "قبل ابتدائی تعلیم" (عزیز احمد مرزا) ملک کے اہلِ شعور و درد کی آنکھیں کھول دینے کے لیے کافی ہے ۔ انہوں نے مروج ابتدائی درجوں کی درسی کتابوں کے اقتباس دے کر دکھایا ہے کہ وہ دینی اور تہذیبی لحاظ سے کتنی تباہ کن ہیں ۔ آخر میں اخبار و اطلاعات کا باب ایک اچھا تجربہ ہے ۔

---

**رسالہ محنت کار** | ایڈیٹر : صفدر حسن صدیقی ۔ مقامِ اشاعت : ابوبکر بلاک ، نیو گارڈن ٹاؤن لاہور ۔ قیمت فی شمارہ (۴۸ بڑے صفحات) دس روپے ۔

یہ رسالہ مزدوروں کے مسائل اور تحریکات اور نزاعات سے متعلق ہے ۔ اس کے تین شمارے فروری ، مارچ ، اپریل سامنے ہیں ۔ محنت کاروں میں کیا کام کیا جاتے اور کس نہج سے کیا جائے اور جو کچھ ہو رہا ہے اس میں درست کیا ہے اور غلط کیا ہے ، ان سوالوں کے کئی کئی جوابات پائے جاتے ہیں ۔ میں نے اسلامی نظریۂ حیات کے تحت سوچا کہ دعوت الی اللہ ، تحریک اخلاقِ حسنہ اور محنت کاروں کے حقوق کی بحالی کی تحریک کو کیسے ہم آہنگ کیا جا سکتا ہے ۔ آخر سوچ سوچ کر عاجز ہوا تو اس نتیجے پر پہنچا کہ ایک شریف و نفیس دوست کا رسالہ ہے ، اس کو بس دوست کا تحفہ ہی سمجھنا چاہیے ۔ باقی دنیا جانے اور اس کے جھمیلے ۔

---

**ماہنامہ آموزگار** | مدیر اعلیٰ : اکبر رحمانی ۔ مقام اشاعت : کاشانہ سہیل ، ۳۷ بھوانی پیٹھ ، جلگاؤں ۰۰۱ ۴۲۵ (بھارت) ، قیمت فی شمارہ ۳/- روپے سالانہ ۳۵/- روپے (پاکستان اور دوسرے ممالک کے لیے شرحیں الگ) ۔

© rasailojaraid.com